14623-چندہ دینے والے کے لیے اجتماعی دعا کرنا

سوال

بعض لوگ جن کے پاس صدقہ وخیرات کا پیسہ اکٹھا ہوتا ہے جب وہ لوگوں میں تقسیم کرنا چاہتے ہیں تو صدقہ لینے والے اپنے ہاتھ اس رقم پر رکھ کر ایک شخص صدقہ کرنے والے کے لیے دعا مانگتا ہے اور دوسرے بلند آواز سے آمین کہتے ہیں، کیا یہ عمل صحیح ہے ؟

پسندیدہ جواب

اس کیفیت سے دعا نہیں کرنی چاہیے
کیونکہ یہ بدعت ہے رہا صدقہ وخیرات کرنے والے شخص کے لیے صدقہ وخیرات والے مال پر
ہاتھ رکھے بغیر اور بغیر آواز بلند کیے اور مذکورہ کیفیت کے بغیر دعا کرنا مشروع
ہے، کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"جو کوئی شخص بھی تمہارے ساتھ
بھلائی اور اچھائی کرتا ہے تو تم اسے اس کا بدلہ دو، اور اگر تمہیں اس کا بدلہ دینے
کے لیے کچھ نہیں ملتا تو اس کے لیے اتنی دعا کرو کہ تم سمجھو کہ اس کا بدلہ ادا ہو
گیا ہے"

اسے ابوداود اور نسائی نے صحیح سند
کے ساتھ روایت کیا ہے.